## کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

### بولی (Bidding)

# کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کے حقوق کرایہ داری ماھانہ کرایہ پر حاصل کرنے کا سنہری موقع

کاروباری حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کینٹ ایریا میں بہترین کاروباری لوکیشن پر واقع کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ ہسپتال روڈ راولپنڈی صدر (ملحقہ کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال راولپنڈی) کے حقوق ماہانہ کرایہ کی بولی (Bidding) مورخہ 08 جولائی 2025 بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی میں منعقد ہوگی۔ جو کہ ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی "REVISED GUIDELINES FOR CANTT FUND PROPERTIES-2024" کے مطابق ہوگی۔ لہذا اس میں حصہ لے کر اس نادر موقع سے فائدہ اُٹھائیں اگر کسی وجہ سے مقررہ تاریخ پر بولی (Bidding) نہ ہونے کی صورت میں اس کی دوبارہ بولی مورخہ 09 جولائی 2025 اور سہ بارہ مورخہ 10 جولائی 2025 کو اسی وقت / مقام پر منعقد ہوگی۔

| کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ CGH ہسپتال روڈ راولپنڈی کینٹ | | |
|---|---|---|
| نمبر شمار | تفصیل | تقریباً رقبہ / سائز |
| 1 | گراؤنڈ فلور کا رقبہ | 2542 مربع فٹ |
| 2 | فرسٹ فلور کا رقبہ | 2542 مربع فٹ |

### شرائط نیلامی۔

1۔ کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کے کرائے کی بولی Bidding ہوگی اور زیادہ کرایہ دینے والی فرم / افراد کو کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کرایہ پر دیا جائے گا۔ بولی (Bidding) خالصتاً کرایہ داری کیلئے ہوگی اور پگڑی / پریمیم شامل نہ ہے یعنی حقوق کرایہ داری بغیر پریمیم کے ہونگے۔ جو کہ ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی کے مطابق ہوگی۔

2۔ کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کی Reserve Price ماہانہ کرایہ مبلغ -/15,00,000 روپے سے بولی شروع ہوگی۔

3۔ کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کے حقوق کرایہ داری عرصہ 5 سال کے لیے ہوں گے۔ جس میں ہر سال بعد 10% کمپاونڈ اضافہ ہوگا۔ اگر موجودہ کرایہ دار کرایہ داری میں تجدید مندی کا خواہش مند ہو تو بورڈ کی منظوری سے اگلے 5 سال کے لیے پہلے سال 25% اور مزید 10% سالانہ اضافہ ہوگا۔

4۔ بولی (Bidding) میں حصہ لینے والے حضرات کو بولی سے قبل اپنے قابل عمل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ہمراہ کال ڈیپازٹ / بنک ڈرافٹ مبلغ (-/10,00,000) دس لاکھ روپے بنام ایگزیکٹو آفیسر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کینٹ بطور زرضمانت جمع کروانی ہوگی۔ بولی کے اختتام پر ماسوائے اول اور دوئم آنے والے بولی دہندگان کے باقی تمام بولی دہندگان کو ان کی کال ڈیپازٹس بذریعہ درخواست واپس کردی جائیں گی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے لیٹر کی وصولی کے 15 دن کے اندر تین مہینے کے برابر کرایہ ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔ جمع شدہ ایڈوانس جو کہ معاہدہ کی تکمیل کے بعد کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کے ذمہ یوٹیلٹی بلز اور کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کی توڑ پھوڑ کے واجبات اگر ہوں تو منہا کر کے ایڈوانس کی بقیہ رقم واپس کردی جائے گی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے لیٹر کی وصولی کے 15 دن کے اندر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ اپنے حرچہ و خرچہ پر تحریری معاہدہ بابت کرایہ داری کرنا ہوگا جو کہ کامیاب بولی دہندہ سب رجسٹرار سے خود رجسٹرڈ کروائے گا۔ بصورت دیگر کیفے ٹیریا / لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کا قبضہ نہ دیا جائے گا۔ سب رجسٹرار کے پاس مجاز نمائندہ کینٹ بورڈ پیش ہوگا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ معاہدہ کرایہ داری (Tenancy Agreement) کی تکمیل کے ایک ماہ کے اندر اندر کاروبار شروع کرنے کا پابند ہوگا بصورت دیگر معاہدہ قابل تنسیخ ہوگا اور قبضہ واپس لیکر دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

8۔ کیفے ٹیریا /لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کا کرایہ ماہانہ کے حساب سے ہوگا جو ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔ دس تاریخ سے لیٹ ہونے کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے روزانہ کی بنیاد پر جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ کیفے ٹیریا /لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ میں کسی قسم کی تعمیر/تبدیلی کینٹ بورڈ سے تحریری اجازت لیے بغیر نہ کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ کرایہ دار کیفے ٹیریا /لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کی صفائی ستھرائی رکھنے اور اس ضمن میں کینٹ بورڈ کے احکامات کا پابند ہوگا۔

11۔ کرایہ دار کنٹونمنٹ بورڈ کی منظوری کے بغیر sublet/sub-division کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

12۔ کرایہ دار کیفے ٹیریا /لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کی مرمت وغیرہ اپنے خرچہ و خرچہ پر بورڈ سے منظوری لینے کے بعد خود کروائے گا کینٹ بورڈ مرمت کے اخراجات کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

13۔ دوران کرایہ داری کیفے ٹیریا /لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کے سٹرکچر کے نقصان کی صورت میں کرایہ دار کینٹ بورڈ کی Engineering برانچ کے تخمینہ کے مطابق ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

14۔ بجلی کے کنکشن کا حصول کینٹ بورڈ کی ذمہ داری ہوگی البتہ ماہانہ بل کی ادائیگی کرایہ دار کے ذمہ ہوگی ٹیلی فون، پانی، گیس وغیرہ کیلئے بھی NOC جاری کیا جائے کینٹ بورڈ Apply کریگا تاہم ان کنکشنز کے Delay کی وجہ سے کرایہ کی ادائیگی متاثر نہ ہوگی ۔

15۔ کنٹونمنٹ بورڈ حقوق کرایہ داری کے اختتام پر کرایہ دار کو کسی بھی قسم کی اضافی تعمیرات، ٹائل فٹنگ، روف سیلنگ، وائرنگ، سینٹری کا کام اکھیڑنے کی اجازت نہ دے گا۔ یہ سب کینٹ بورڈ کی ملکیت تصور ہوں گی اور صرف Moveable Items مثلاً ائیر کنڈیشنر، فرنیچر اور پردہ وغیرہ لے جانے کی اجازت ہوگی۔

16۔ دوران کرایہ داری کرایہ دار کی فوتگی کی صورت میں مذکورہ کیفے ٹیریا /لیبارٹری / بیکری / ملٹی نیشنل کمپنی وغیرہ کے کرایہ داری کے حقوق کرایہ دار کے صرف قانونی وارثان کے نام اصل شرائط وضوابط کے مطابق عرصہ کرایہ داری کی باقی مدت کے لیے منتقل ہوسکتی ہے۔

17۔ اشتہار بمعہ شرائط نیلامی PPRA ، ML&C اور کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں ۔ زیر دستخطی رکنٹونمنٹ بورڈ PPRA Rules کے تحت کوئی ایک بولی یا تمام بولیاں مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

18۔ کامیاب بولی دہندہ مجوزہ قوانین کے تحت گورنمنٹ کے تمام ٹیکس بشمول حکومت پاکستان کی طرف سے طے شدہ انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

19۔ بورڈ کو بلا شرکت غیرے ہر قسم کا حق حاصل ہے کہ وہ شرائط بولی (Bidding) اور کرایہ میں قانون کے مطابق کسی قسم کی بھی ترمیم کر سکے گا۔

20۔ تمام بولی (Bidding) کے نتائج مجاز اتھارٹی کے سامنے رکھے جائینگے جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

21۔ معاہدہ کرایہ داری کی مدت کے اختتام پر کرایہ داری کی تجدید نہ ہوسکنے یا کرایہ داری کی جانب سے کسی قسم کے لیت ولعل، تاخیری حربہ کی صورت میں ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹ بورڈ فوری قبضہ حاصل کر سکے گا۔

22۔ ایسا کوئی شخص یا ادارہ جو کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کا نادہندہ ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

23۔ فروخت کیے جانے والی اشیاء کے نرخ (ریٹ) کی فہرست ایڈمنسٹریٹر کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال راولپنڈی اور کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی پیشگی منظوری سے مشروط ہو گی۔

**نوٹ:- مزید معلومات دفتری اوقات کار میں لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔**

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹ
راولپنڈی چھاؤنی۔